اٹک ریفائنری لمیٹڈ

حتمی نقد منافع منقسمہ کی منتقلی برائے مالی سال ۲۶-۲۰۲۵

حصص داران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ۳۰ جون ۲۰۲۶ کو ختم ہونے والے سال کے لئے حتمی نقد منافع منقسمہ بحساب %۱۵۰ (مبلغ ۱۵ روپے فی حصص) ۲۸ اکتوبر ۲۰۲۶ کو حصص داران کی طرف سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹس میں منتقل کر دیا گیا ہے۔

انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN)، قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) نمبر یا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کی مکمل اور درست تفصیلات نہ ہونے کی صورت میں کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز ۲۰۱۷ کی رو سے کمپنی نے نقد منافع منقسمہ اپنے پاس روک لیا ہے۔ اس لئے ان حصص داران کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ جلد از جلد درج بالا معلومات فراہم کریں تاکہ کمپنی کی طرف سے روکا گیا نقد منافع منقسمہ جاری کیا جا سکے۔

☆ فزیکل فارم میں کمپنی کے حصص رکھنے والے حصص داران مندرجہ بالا معلومات درج ذیل پتہ پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔

میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ
سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹-بی، بلاک 'بی'، ایس۔ایم۔سی۔ایچ۔ایس
مین شاہراہ فیصل، کراچی ۷۴۴۰۰
ٹیلی فون (ٹول فری) ۲۳۲۷۵-۰۸۰۰
فیکس: ۳۴۳۲۶۰۵۳ (۲۱-۹۲)
ای میل: info@cdcsrsl.com
ویب سائٹ: www.cdcsrsl.com

☆ سنٹرل ڈیپازٹری سسٹم (CDS) کے تحت حصص کو برقرار رکھنے والے حصص داران مندرجہ بالا معلومات براہ راست متعلقہ شرکت کنندہ/سی ڈی سی (CDC) انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کریں۔

رجسٹرڈ آفس:	بحکم بورڈ
ریفائنری، پی۔او، مورگاہ،	-Sd-
راولپنڈی	(سیف الرحمٰن مرزا)
۲۹ اکتوبر ۲۰۲۶	کمپنی سیکرٹری

نوٹ:۔

سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی لمیٹڈ آف پاکستان (CDC) نے سنٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (CCDR) تیار کیا ہے جو ایک ای سروسز (eService) ویب پورٹل ہے۔ جس میں لسٹڈ کمپنیز کی طرف سے ادا کردہ، غیر ادا شدہ یا روکے گئے نقد منافع منقسمہ کی تفصیلات شامل ہیں۔ ویب پورٹل حصص داران کو نقد منافع منقسمہ کی تفصیلات حاصل کرنے اور اپنے ریکارڈ مقاصد کے لئے استعمال کرنے میں سہولت فراہم کریگا۔ حصص داران https://csp.cdcaccess.com.pk کے ذریعے CCDR تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔